101310 ـ لڑکی کا والد اور بھائی نماز ادا نہ کریں تو چھوٹا بھائی اس کی شادی کر دے ؟

سوال

میں فرانس کی ایك لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہوں لیکن میں خود کینڈا میں رہتا ہوں، مشکل یہ درپیش ہے کہ اس کے ولی یعنی باپ اور بھائی بالکل نماز ادا نہیں کرتے، اس لیے اسے تنگی اور مشکل سے بچانے کے لیے کیا کیا جائے، اس کا صرف ایك بھائی نماز تو ادا کرتا ہے لیکن وہ اس سے چھوٹا بھی ہے اور بروقت نماز ادا نہیں کرتا، مجھے کیا کرنا چاہیے برائے مہربانی معلومات فراہم کریں، میرے خیال میں لڑکی تو اپنے دین پر بہت عمل پیدا ہے اور نیك و صالح بھی ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اول:

نکاح صحیح ہونے کے لیے شرط ہے کہ عورت کا ولی یا اس کی جانب سے مقرر کردہ وکیل عقد نکاح کے امور سرانجام دے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

ابو موسی اشعری رضی اللہ تعالی عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" ولی کے بغیر نکاح نہیں ہے "

سنن ابو داود حدیث نمبر (2085) سنن ترمذی حدیث نمبر (1101) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (1881) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح ترمذی میں سے صحیح قرار دیا ہے.

اور ایك حدیث میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے:

" جس عورت نے بھی اپنے والی کی اجازت کے بغیر نکاح اس کا نکاح باطل ہے، اس کا نکاح باطل ہے، اس کا نکاح باطل ہے اور اگر جھگڑا کریں تو جس کا ولی نہ ہو اس کا حاکم ولی ہے "

مسند احمد حدیث نمبر (24417) سنن ابو داود حدیث نمبر (2083) سنن ترمذی حدیث نمبر (1102) علامہ البانی رحمہ اللہ نے صحیح الجامع حدیث نمبر (2709) میں اسے صحیح قرار دیا ہے.

دوم:

اگر عورت مسلمان ہو تو علماء کا اجماع ہے کہ اس کے ولی کا مسلمان ہونا شرط ہے.

ابن قدامہ رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" کافر شخص کو مسلمان عورت پر کسی بھی حالت میں ولایت حاصل نہیں، اس پر علماء کا اجماع ہے جن میں امام مالك اور امام شافعی اور ابو عبید اور اصحاب الرائے شامل ہیں.

اور ابن منذر رحمہ اللہ کہتے ہیں:

ہم نے جس سے بھی علم حاصل کیا ہے ان سب کا اس پر اجماع ہے " انتہی

دیکھیں: المغنی (9 / 377).

سوم:

اگر تو نماز کا انکار کرتے ہوئے نماز چھوڑے تو بالاجماع کافر ہے، اور اگر سستی و کاہلی کی بنا پر ترك کرتا ہے تو اس کے کافر ہونے میں علماء کا اختلاف پایا جاتا ہے، اور راجح یہی ہے جس پر کتاب و سنت اور صحابہ کرام کے اقول دلالت کرتے ہیں کہ وہ کافر ہے.

مزید تفصیل کے لیے سوال نمبر (5208) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

اس بنا پر جو بےنماز ہے اس کا کسی مسلمان عورت کا نکاح میں ولی بننا جائز نہیں.

اس لیے یہ ولایت اس سے منتقل ہو کر اس کے بعد والے ولی یعنی دادا کو مل جائیگی اور اگر دادا نہ ہو یا پھر وہ بھی ولایت کے لیے صحیح نہ ہو تو عورت کے سگے بھائي ولی ہونگے اور اگر ان میں سے چھوٹا نمازی ہو اور وہ بالغ ہو تو وہ ولی بنے گا، وگرنہ ولایت اس کے بعد والے ولی میں منتقل ہو جائیگی یعنی بھائی کے بیٹوں اور پھر چچا اور پھر ان کے بیٹوں اور پھر شرعی قاضی اگر ہو "

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (48992) کے جواب کا مطالعہ کریں.

اس مسئلہ میں حرج ختم کرنے کے لیے ممکن ہے کہ اس کا بھائی اس کا نکاح میں ولی بنے یا پھر وہ جس کا ولی بننا صحیح ہے - جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے - اور یہ نکاح دو عادل گواہوں کی موجودگی میں ہو، تو یہ نکاح صحیح ہو گا.

لیکن اس عورت کے والد کا نکاح میں ولی بن کر نکاح کرنا صحیح نہ ہوگا، اور اس میں کوئی حرج نہیں کہ وہ اس کے ساتھ ہی کرے تا کہ مشکل ختم ہو، اور اس کے ساتھ ساتھ اسے نماز کی پابندی کرنے کی دعوت دیں.

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ آپ کو توفیق نصیب کرے اور صحیح راہ کی راہنمائی کرے.

واللہ اعلم .